© rasailojaraid.com

عمدہ طباعت اور نفیس کتابت ——— قیمت ۱۲ روپے نہایت مناسب ہے۔

(عطاء الرحمٰن ثاقب)

## تئیس پروانے شمع رسالت کے!

از، طالب ہاشمی

ضخامت ... ۵۱۲ صفحات بڑا سائز ، سنہری ڈائی دار مجلّد ، قیمت ..... چالیس روپے

ناشر:۔ مکتبہ چراغِ اسلام۔ قذافی مارکیٹ اردو بازار ——— لاہور

جناب طالب ہاشمی کا نام علمی اور دینی حلقوں میں کسی تعارف کا محتاج نہیں، وہ ایک صاحبِ طرز مؤرخ اور سیرت نگار ہیں اور مدتوں سے صحابہؓ کرام، صحابیاتؓ اور امت کے دوسرے اکابر کے انوارِ سیرت کو کتابوں کے اوراق پر سجا کر پیش کر رہے ہیں۔ زیرِ نظر کتاب میں انہوں نے تئیس جلیل القدر صحابہؓ کرام کے مستند اور مفصل حالات ایسے دلآویز انداز میں پیش کئے ہیں کہ انہیں پڑھ کر ایمان تازہ ہو جاتا ہے اور قاری کے دل میں ان مقدس ہستیوں کے نقوشِ قدم پر چلنے کی تڑپ پیدا ہوتی ہے۔ کتاب کا مقدمہ ادیبِ شہیر مولانا ماہر القادریؒ نے لکھا ہے اسی سے کتاب کی قدر و قیمت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

یہ کتاب جن صحابہ کرامؓ کے حالات پر مشتمل ہے ان میں سے چند کے اسمار گرامی یہ ہیں۔

محبوبِ رسول حضرت زید بن حارثہؓ، میزبانِ رسول حضرت ابوایوب انصاریؓ، حضرت اُسیدؓ بن حضیر نعم الرجل، حضرت حذیفہؓ بن الیمان صاحب السر، حضرت سعدؓ بن معاذ انصارِ صدیق، حضرت خبیبؓ بن عدی بلیع الارض، حضرت سلمان الخیر فارسیؓ، حضرت ضرارؓ بن ازور ضیغمِ اسلام، حضرت عبداللہؓ بن مسعود فقیہ الامت، حضرت ابوذر غفاریؓ خلیلِ رسول، حضرت ثابتؓ بن قیس خطیبِ رسول اللہ، حضرت صہیب رومیؓ نعم العبد، حضرت ابوقتادہؓ فارس رسول اللہ، حضرت سہیلؓ بن عمرو خطیبِ قریش، حضرت ابوسفیانؓ سپہ سالارِ قریش یہ کتاب ہر لحاظ سے مطالعہ کے لائق ہے اور ہر لائبریری اور دینی گھرانے میں اس کی موجودگی بے انتہا افادیت کا باعث ہو سکتی ہے۔

فاضل مؤلف اور ناشر دونوں اس گرانقدر کتاب کی اشاعت پر مبارکباد کے مستحق ہیں (اکرام اللہ ساجد)

---

خط و کتابت کرتے وقت خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیں۔

محدث میں اشتہارات دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیں۔

براہ کرم جن حضرات کے ذمہ سالانہ زرِ تعاون واجب الادا ہے، جلد ادا فرمائیں۔

(مینجر)



© rasailojaraid.com